# بچی کا نام "لینہ" رکھنا کیسا؟

**مجیب:** مولانا محمد سعید عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3225

**تاریخ اجراء:** 27ربیع الثانی1446ھ/31اکتوبر2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

بھائی کی بیٹی کا نام رکھنا ہے، میرل، لَیان اور لینہ، ان تین میں سے کوئی نام رکھ سکتے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

ان تینوں ناموں میں سے "لینہ" نام بہتر ہے کیونکہ یہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابیہ کا نام ہے، اور حدیثِ پاک میں بھی اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب دلائی گئی ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ "الاصابہ فی تمییز الصحابہ" میں "لینہ" نام کی صحابیہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "11735-لينة: حديثها في جزء بن ديزيل الصغير، 11736-لينة: صاحبة مكان قباء"

ترجمہ: (11735) ایک صحابیہ جن کا نام لینہ ہے ان کی حدیث ابن دیزیل صغیر کے جزء میں ہے (11736) لینہ: جو مسجد قباء کے پاس رہنے والی تھیں۔ (الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ، ج8، ص308، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: "تسموا بخيار كم" ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دِین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دیے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net